Adda247
GET IT ON Google Play

सील
SEAL

प्रश्न पुस्तिका / QUESTION BOOKLET

विषय / Subject : **Urdu Paper-II**

कोड / Code : **31** 3100117

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या /
Number of Pages in Booklet : 32

पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या /
Number of Questions in Booklet : 150

31 Urdu
विषय कोड
A बुकलेट सीरीज

समय / Time : 3.00 घंटे / Hours पूर्णांक / Maximum Marks : 300

**INSTRUCTIONS**

1. **Answer all questions.**
2. **All questions carry equal marks.**
3. *Only one answer is to be given for each question.*
4. *If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.*
5. *Each question has four alternative responses marked serially as* **1, 2, 3, 4**. *You have to darken only one circle or bubble indicating the correct answer on the Answer Sheet using* **BLUE BALL POINT PEN.**
6. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** *(A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question. Leaving all the relevant circles or bubbles of any question blank will not be considered as wrong answer.)*
7. *The candidate should ensure that Series Code of the Question Paper Booklet and Answer Sheet must be same after opening the envelopes. In case they are different, a candidate must obtain another Question Paper of the same series. Candidate himself shall be responsible for ensuring this.*
8. *Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.*
9. *Please correctly fill your Roll Number in O.M.R. Sheet. 5 marks will be deducted for filling wrong or incomplete Roll Number.*
10. *If there is any sort of ambiguity/mistake either of printing or factual nature then out of Hindi and English Version of the question, the English Version will be treated as standard.*

**Warning :** *If a candidate is found copying or if any unauthorised material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted under Section 3 of the R.P.E. (Prevention of Unfairmeans) Act, 1992. Commission may also debar him/her permanently from all future examinations of the Commission.*

**निर्देश**

1. सभी प्रश्नों के उत्तर दीजिए ।
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं ।
3. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक ही उत्तर दीजिए।
4. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा ।
5. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4 अंकित किया गया है। अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले अथवा बबल को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल प्वाइंट पेन से गहरा करना है ।
6. प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा। गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है । किसी भी प्रश्न से संबंधित गोले या बबल को खाली छोड़ना गलत उत्तर नहीं माना जायेगा।
7. प्रश्न-पत्र पुस्तिका एवं उत्तर पत्रक के लिफाफे की सील खोलने पर परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि उसके प्रश्न-पत्र पुस्तिका पर वही सीरीज अंकित है जो उत्तर पत्रक पर अंकित है। इसमें कोई भिन्नता हो तो वीक्षक से प्रश्न-पत्र की ही सीरीज वाला दूसरा प्रश्न-पत्र का लिफाफा प्राप्त कर लें। ऐसा न करने पर जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी।
8. मोबाईल फोन अथवा इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है। यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी।
9. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. पत्रक पर सावधानी पूर्वक सही भरें। गलत अथवा अपूर्ण रोल नम्बर भरने पर 5 अंक कुल प्राप्तांकों में से अनिवार्य रूप से काटे जाएंगे।
10. यदि किसी प्रश्न में किसी प्रकार की कोई मुद्रण या तथ्यात्मक प्रकार की त्रुटि हो तो प्रश्न के हिन्दी तथा अंग्रेजी रूपान्तरों में से अंग्रेजी रूपान्तर मान्य होगा।

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराई जायेगी और आर. पी. ई. (अनुचित साधनों की रोकथाम) अधिनियम, 1992 के नियम 3 के तहत कार्यवाही की जायेगी। साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है।

CA31

SEAL
सील

# Test Prime

**ALL EXAMS, ONE SUBSCRIPTION**

**70,000+** Mock Tests

**Personalised** Report Card

**Unlimited** Re-Attempt

**600+** Exam Covered

**Previous Year** Papers

**500%** Refund

IBPS

NABARD

**ATTEMPT FREE MOCK NOW**

Adda247
GET IT ON Google Play

1 داستان کی خصوصیات ان میں سے کون سی نہیں ہیں؟

(1) حقیقت کی عکاسی (2) اعلیٰ طبقہ کی عکاسی

(3) مافوق الفطرت عناصر (4) طوالت

2 فسانۂ عجائب کیا ہے؟

(1) داستان (2) ڈرامہ

(3) افسانہ (4) انشائیہ

3 ایلچی سے کیا مراد ہے؟

(1) سفیر (2) دوست

(3) سوداگر (4) وزیر

4 واجد علی کے دربار سے کون وابستہ تھا؟

(1) امتیاز علی تاج (2) امانت لکھنوی

(3) ڈاکٹر محمد حسن (4) علی عباس حسینی

5 اردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟

(1) کرشن چندر (2) پریم چندر

(3) سعادت حسن منٹو (4) نذیر احمد

6 ان میں کون سا پریم چند کا ناول ہے؟

(1) گئودان (2) سفید خون

(3) بنات النعش (4) امراؤ جان ادا

[ Contd...

Adda247 GET IT ON Google Play



7 مختصر افسانہ پڑھا جاتا ہے

(1) کئی نشستوں میں (2) دو نشستوں میں

(3) ایک نشست میں (4) تین نشستوں میں

8 خاکہ انگریزی کے کس لفظ کا ترجمہ ہے؟

(1) ایسے Essay (2) پوز Pose

(3) اسکیچ Sketch (4) اسکرین Screen

9 باقر علی کون تھے؟

(1) ڈرامہ نگار (2) ناول نگار

(3) داستان گو (4) افسانہ نگار

10 امیر حمزہ ہے

(1) داستان (2) ناول

(3) ڈرامہ (4) افسانہ

11 غزل میں اگر مطلع جیسا ہی دوسرا شعر آتا ہے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) قطعہ (2) رباعی

(3) مقطع (4) حُسنِ مطلع

12 ولی دکنی کی زبان ہے

(1) قدیم روایتی (2) قدیم اردو (دکنی)

(3) جدید اردو (4) تینوں ہی

Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

13 ''شراب شوق میں سرشار ہیں ہم''
وؔلی کے اس مصرع میں سرشار سے کیا مراد ہے؟

(1) مست
(2) مسرت
(3) غمزدہ
(4) سوگوار

14 ''ارض وسما کہاں تری وسعت کو پا سکے''
میر دردؔ کے اس مصرع میں ارض وسما سے کیا مراد ہے؟

(1) جنت دوزخ
(2) دنیا و مافیہا
(3) زندگی اور موت
(4) زمین و آسمان

15 خدائے سخن کسے کہا جاتا ہے؟

(1) میر دردؔ
(2) میر تقی میرؔ
(3) خانِ آرزو
(4) غالبؔ

Adda247

16 میرؔ کے زمانے میں آگرہ شہر کا نام تھا۔

(1) فیصل آباد
(2) شکوہ آباد
(3) شاہ جہاں آباد
(4) اکبرآباد

17 معین احسن جذبیؔ کے شعری مجموعہ کا نام ہے

(1) دستِ صبا
(2) افکار
(3) ابیج
(4) فروزاں

Adda247
GET IT ON Google Play

18 جذبی کا تعلق کس دور سے ہے؟

(1) جدید دور (2) مابعد جدید دور

(3) ترقی پسند دور (4) سرسید دور

19 قصیدہ کا پہلا جزء ہے۔

(1) گریز (2) مدح

(3) تشبیب (4) حسنِ مطلع

20 سرسید احمد خاں نے کون سا اخبار نکالا تھا؟

(1) الہلال (2) تہذیب الاخلاق

(3) اودھ پنچ (4) مخزن

21 معنوی اعتبار سے شاعری کی کون سی صنف کا ہر شعر اپنی جگہ ایک اکائی کی حیثیت رکھتا ہے؟

(1) مثنوی (2) غزل

(3) قصیدہ (4) نظم

22 ناول کس زبان کے لفظ سے نکلا ہے؟

(1) انگریزی (2) فرانسیسی

(3) عربی (4) اطالوی

23 میر کا انتقال کہاں ہوا؟

(1) آگرہ (2) دہلی

(3) لکھنؤ (4) لاہور

Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

24 ان میں سے صوفی شاعر کون ہے؟

(1) غالبؔ (2) مومنؔ
(3) سوداؔ (4) میر درد

25 ڈرامہ اندر سبھا کا سنۂ تصنیف کیا ہے؟

(1) ۱۸۵۲ء (2) ۱۸۵۰ء
(3) ۱۸۵۴ء (4) ۱۸۵۶ء

26 ان میں کون سی نظم ن۔م۔ راشد کی ہے؟

(1) بھوکا ہے بنگال (2) سبا ویراں
(3) آوارہ (4) تنہائی

27 آمد کس صنعت کا جزء ہے؟

(1) مرثیہ (2) قصیدہ
(3) نظم (4) مثنوی

28 مقطع کسے کہتے ہیں؟

(1) غزل کا پہلا شعر
(2) غزل کا سب سے اچھا شعر
(3) وہ شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو
(4) وہ شعر جو مطلع کے بعد آئے

Adda247
GET IT ON Google Play



29 قصیدہ کن لوگوں کی ایجاد ہے؟

(1) مصریوں کی
(2) عربوں کی
(3) ایرانیوں کی
(4) ہندوستانیوں کی

30 ذوقؔ کا پورا نام کیا تھا؟

(1) شیخ امام بخش
(2) شیخ محمد ابراہیم
(3) شیخ ابراہیم محمد
(4) محمد ابراہیم شیخ

31 کس شاعر کو اردو شاعری کا باوا آدم کہا گیا ہے؟

(1) ولیؔ
(2) میرؔ
(3) غالبؔ
(4) اقبالؔ

32 نظیر اکبرآبادی کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(1) آگرہ
(2) دہلی
(3) لکھنؤ
(4) پٹنہ

33 شاعر مشرق کسے کہا گیا ہے؟

(1) اقبالؔ
(2) فیضؔ
(3) حسرتؔ
(4) جوشؔ

34 چاند تاروں کا بن کس کی مشہور نظم ہے؟

(1) اخترالایمان
(2) فیضؔ
(3) مجازؔ
(4) مخدومؔ



Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

35 میر انیسؔ کی شناخت کس صنف سے ہے؟

(1) قصیدہ (2) غزل

(3) مرثیہ (4) نظم

36 طنز و مزاح کا شاعر کون ہے؟

(1) ن۔م۔راشد (2) اکبرالٰہ آبادی

(3) نظیر اکبرآبادی (4) مصحفی

37 مرثیہ داغ کے تخلیق کار کا کیا نام ہے؟

(1) محمد حسین آزاد (2) ابوالکلام آزاد

(3) ن۔م۔راشد (4) اقبال

38 نقش فریادی ہے کس کی شوخیِ تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکرِ تصویر کا
مذکورہ بالا شعر کس کے دیوان کا پہلا شعر ہے؟

(1) میرؔ (2) غالبؔ

(3) مومنؔ (4) دردؔ

39 تم میرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
مذکورہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) میرؔ (2) غالبؔ

(3) دردؔ (4) مومنؔ

Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

[redacted]

40 جس صنف میں مافوق الفطرت عناصر کا ذکر ہوتا ہے اسے کہتے ہیں۔

(1) رپورتاژ (2) خاکہ

(3) داستان (4) ناول

41 فراقؔ گورکھپوری کا کیا نام تھا؟

(1) دُرگا سہائے (2) رگھوپت سہائے

(3) برج موہن (4) آنند نرائن

42 ان میں سے کونسی نظم جوشؔ کی نہیں ہے؟

(1) تنہائی (2) بدلی کا چاند

(3) کسان (4) البیلی صبح

43 مثنوی کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(1) متن متن (2) تعریف کرنا

(3) دو/۲ دو/۲ (4) ان میں سے کوئی نہیں

44 دبیرؔ کا پورا نام کیا ہے؟

(1) میر امانت علی (2) علی سلامت

(3) علی امانت (4) مرزا سلامت

45 باغ و بہار کہاں تصنیف ہوئی؟

(1) حیدرآباد (2) میسور

(3) کلکتہ (4) پٹنہ

Adda247
GET IT ON Google Play

46 گزرا ہوا زمانہ کس کا مضمون ہے؟

(1) محمد حسین آزاد (2) نذیر احمد

(3) سرسید احمد خاں (4) حالی

47 اُردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(1) فارسی (2) عربی

(3) ترکی (4) ہندی

48 فحش نگاری کا مقدمہ کس پر چلا؟

(1) فراق (2) منٹو

(3) ممتاز مفتی (4) کرشن چندر

49 ناسخ کا تعلق کس دبستان سے ہے؟

(1) دبستان رام پور (2) دبستانِ عظیم آباد

(3) دبستانِ دہلی (4) دبستانِ لکھنؤ

50 شاہین کا استعارہ کس شاعر نے استعمال کیا ہے؟

(1) جوش (2) فیض

(3) اقبال (4) مخدوم

Adda247



[redacted]

Adda247
GET IT ON Google Play

51 باغ و بہار کے اسلوب کے بارے میں میر امن نے کیا کہا؟

(1) "روزمرہ کی زبان میں جیسے کوئی باتیں کرتا ہے"

(2) سلیس اور شگفتہ

(3) مقفی اور مسجع

(4) نثر عاری

52 کلیم الدین احمد کا خاکہ نگار ہے

(1) منٹو (2) احمد جمال پاشا

(3) شاہد احمد دہلوی (4) رشید احمد صدیقی

53 شعر کے دوسرے مصرع میں بار بار جو لفظ آتا ہے اسے کہتے ہیں

(1) ردیف (2) قافیہ

(3) بحر (4) زمین

Adda247

54 شاعری کی اس صنف کو کیا کہتے ہیں جس میں کسی چیز یا شخص کی مدح یا برائی کی جاتی ہے؟

(1) غزل (2) قصیدہ

(3) رباعی (4) مثنوی

55 مرثیہ عربی کے کس لفظ سے مشتق ہے؟

(1) رثا (2) رسا

(3) بکا (4) ہذا

Adda247
GET IT ON Google Play

56 اردو کے ابتدائی ناول نگاری میں سب سے مشہور نام ہے۔

(1) ڈپٹی نذیر احمد (2) رتن ناتھ سرشار

(3) راشد الخیری (4) احمد عباس

57 خاکہ دوزخی کا مصنف کون ہے؟

(1) قرۃ العین حیدر (2) عصمت چغتائی

(3) سجاد حیدر یلدرم (4) اشرف صبوحی

58 ناخدائے سخن کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

(1) میر تقی میرؔ (2) سوداؔ

(3) ذوقؔ (4) غالبؔ

Adda247

59 یہ شعر کس کا ہے؟

نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

(1) میر انیسؔ (2) میرؔ

(3) غالبؔ (4) آتشؔ

60 تجھ لب کی صفت لعل بدخشاں سوں کہوں گا
جادو ہیں ترے نین غزالاں سوں کہوں گا
یہ شعر کس کا ہے؟

(1) شاہ مبارک آبروؔ (2) ولیؔ

(3) میرؔ (4) قائمؔ

Adda247

GET IT ON Google Play

[redacted]

61 آدمی نامہ کس شاعر کی نظم ہے؟

(1) اکبرالہ آبادی (2) نظیر اکبرآبادی

(3) اقبالؔ (4) جوشؔ

62 اکبرالہ آبادی کی نظموں میں زیادہ نظمیں ہیں۔

(1) طنزو مزاح کی (2) تصوف کی

(3) قومی یکجہتی کی (4) مناظرِ فطرت کی

63 رب کا شکر ادا کر بھائی جس نے ہماری گائے بنائی

یہ شعر کس کا ہے؟

(1) برج نرائن چکبستؔ (2) حامد اللہ افسرؔ

(3) اسماعیل میرٹھی (4) شفیع الدین نیّرؔ

Adda247

64 ن۔م۔راشد کا پورا نام کیا تھا؟

(1) نظر محمد راشد (2) ناسخ محمود ارشد

(3) نعیم محمد راشد (4) نذیر محمد راشد

65 تلنگانہ تحریک سے کس شاعر کا تعلق تھا؟

(1) علی سردار جعفری (2) مخدوم محی الدین

(3) جگر مرادآبادی (4) فراق گورکھپوری

Adda247 GET IT ON Google Play

66 ذوقؔ کس بادشاہ کے اُستاد تھے؟

(1) شاہ عالم ثانی (2) بہادر شاہ ظفر

(3) محمد علی شاہ (4) جہاں گیر ثانی

67 بین کس صنف شاعری کا لازمی عنصر ہے؟

(1) مرثیہ (2) غزل

(3) رباعی (4) قصیدہ

68 جگت موہن لال رواں کس صنف شاعری میں مشہور ہیں؟

(1) رباعی (2) قطعہ

(3) غزل (4) نظم

69 ''او دیس سے آنے والے بتا'' کس شاعر کی نظم ہے؟

(1) اختر شیرانی (2) فیض احمد فیض

(3) وحید اختر (4) میراجی

70 ''شبنم نے بھر دیے تھے کٹورے گلاب کے''

یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟

(1) میر انیس (2) مونس

(3) مرزا دبیر (4) ضمیر

Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

71 جب شعر میں متضاد الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں تو اس صنعت کو کیا کہتے ہیں؟

(1) تضاد (2) غلو

(3) تجنیس (4) حُسنِ تعلیل

72 شعر میں قافیہ کس مقام پر آتا ہے؟

(1) ردیف سے پہلے (2) ردیف کے بعد

(3) قصے کے درمیان (4) مصرع کے شروع میں

73 شعر میں کسی تاریخی واقعے کی طرف اشارہ ہو تو اسے کہتے ہیں؟

(1) تلمیح (2) استعارہ

(3) غلو (4) تشبیہ

74 مندرجہ ذیل کتب میں داستان کون سی ہے؟

(1) آبِ حیات (2) امراؤ جان ادا

(3) باغ و بہار (4) فسانۂ دل

75 مہابھارت کے تخلیق کار کا نام ہے۔

(1) والمیکی (2) تلسی داس

(3) ویاس (4) بھارتیندو

Adda247
GET IT ON Google Play

76 فورٹ ولیم کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟

(1) ۱۸۰۰ء (2) ۱۸۰۱ء

(3) ۱۸۰۲ء (4) ۱۸۰۴ء

77 گیان پیٹھ اوارڈ مندرجہ ذیل شعراء میں کس کو ملا؟

(1) فراقؔ (2) جگرؔ

(3) جوشؔ (4) داغؔ

78 اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

بستے ہیں ترے سائے میں سب شیخ و برہمن
آباد تجھی سے ہے یاں گھر دیر و حرم کا

(1) ایہام (2) تضاد

(3) مبالغہ (4) تشبیہ

Adda247

79 پریم چند "نمک کا داروغہ" کے ذریعہ کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

(1) ایمانداری اور فرض شناسی (2) انگریزوں کی غلامی کا

(3) حرام خوری کا (4) کچھ بھی نہیں

80 "نیا قانون" کس کا افسانہ ہے؟

(1) منٹو (2) بیدی

(3) کرشن چندر (4) احمد عباس

Adda247
GET IT ON Google Play

81 یارباش کس کا افسانہ ہے؟

(1) پطرس بخاری (2) سجاد حیدر یلدرم

(3) سرسید احمد خاں (4) وزیر آغا

82 جدید نظم کی بنیاد کس انجمن کے تحت پڑی؟

(1) انجمن پنجاب (2) انجمن تعلق داران

(3) انجمن ریختہ گوپال (4) انجمن نقد گویاں

83 سحرالبیان کیا ہے؟

(1) مثنوی (2) غزل

(3) نظم (4) مرثیہ

84 پنڈت دیاشنکر نسیم کی شہرت کی بنیاد کیا ہے؟

(1) غزل (2) مرثیہ

(3) مثنوی (4) واسوخت

85 اردو فکشن کی قدیم ترین صنف ہے؟

(1) داستان (2) ناول

(3) افسانہ (4) کہانی

86 فسانۂ عجائب کے مصنف کا نام ہے؟

(1) رجب علی بیگ سرور (2) غلام غوث کے بے خبر

(3) مرزا امان (4) احسن لکھنوی

Adda247
GET IT ON Google Play

87 رشید احمد صدیقی نے غزل کی تعریف میں کیا کہا ہے؟

(1) اردو شاعری کی آبرو
(2) اردو کا تاج محل
(3) قابل گردن زدنی
(4) نیم وحشی صنف سخن

88 امراؤ جان ادا میں کس تہذیب کی عکاسی کی گئی ہے؟

(1) دہلوی تہذیب
(2) لکھنوی تہذیب
(3) حیدرآبادی تہذیب
(4) دیہاتی تہذیب

89 ''دروازے کھول دو'' کیا ہے؟

(1) ڈرامہ
(2) مضمون
(3) انشائیہ
(4) افسانہ

90 منگو کوچوان کس کہانی کا کردار ہے؟

(1) کالی شلوار
(2) گرم کوٹ
(3) اپنے دکھ مجھے دے دو
(4) نیا قانون

91 مفلسی سب .......... کھوتی ہے مرد کا اعتبار کھوتی ہے
مصرع اول میں خالی جگہ کیا لفظ آئے گا؟

(1) وقار
(2) خمار
(3) شاد
(4) بہار

92 عدد شہری کس کی کتاب ہے؟

(1) حالی
(2) محمد حسین آزاد
(3) غالب
(4) شیفتہ

Adda247

Adda247

GET IT ON Google Play



93 گیتانجلی کا خالق کون ہے؟

(1) رابندرناتھ ٹیگور (2) پریم چند

(3) نرمل ورما (4) وِش پربھاکر

94 جوشؔ کی خودنوشت کا نام ہے؟

(1) یادوں کی بارات (2) یادوں کا جشن

(3) گردشِ دوراں (4) ہم ساتھ ساتھ تھے

95 انگریزوں کے خلاف جوشؔ کی نظم کا عنوان ہے؟

(1) کسان

(2) دیہاتی بازار

(3) ایسٹ انڈیا کمپنی کے فرزندوں کے نام

(4) ذاکر سے خطاب

Adda247

96 پریم چند کا سنہ وفات ہے؟

(1) ۱۹۲۶ء (2) ۱۹۳۶ء

(3) ۱۹۳۸ء (4) ۱۹۴۰ء

97 ڈرامہ 'انارکلی' کا خالق کون ہے؟

(1) آغا حشر کاشمیری (2) امانت لکھنوی

(3) امتیاز علی تاج (4) حکیم احمد شجاع

98 توبۃ النصوح کا اصل موضوع کیا ہے؟

(1) تاریخ (2) اصلاح

(3) تفریح (4) انگریز پرستی

Adda247 GET IT ON Google Play

99 نظم ''نیا شوالہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(1) ہندوستانی تہذیب (2) قومی یکجہتی

(3) مندر کی اہمیت (4) حسن و عشق

100 ''نومبر میرا گہوارہ'' نظم کس کی ہے؟

(1) مجروح سلطان پوری (2) فیض احمد فیض

(3) ن۔م۔راشد (4) علی سردار جعفری

101 غالبؔ اپنی شاعری میں کس زبان کی تراکیب استعمال کرتے ہیں؟

(1) عربی (2) فارسی

(3) ہندی (4) بھاکھا

102 بلونت سنگھ کے بیشتر افسانوں کا محلِ وقوع ہے۔

(1) پنجاب (2) راجستھان

(3) یوپی (4) دہلی

103 ان میں سے جاں نثار اختر کا مجموعۂ کلام کون سا ہے؟

(1) سلاسل (2) فروزاں

(3) آہنگ (4) سیف وسبو

104 میر تقی میرؔ کی غزل کا مصرع اول ہے ''الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا'' اس کا مصرع ثانی ہے؟

(1) رات کو رو رو صبح کیا یا دن کو جوں توں شام کیا

(2) یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

(3) دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

(4) چاہتے ہیں سو آپ کرے ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

Adda247
GET IT ON Google Play

105 ان نظموں میں نظیر اکبرآبادی کی نظم کون سی ہے؟

(1) مفلسی
(2) گنگا
(3) نیا شوالہ
(4) ساقی نامہ

106 مندرجہ ذیل نظموں میں مخدوم کی نظم کون سی ہے؟

(1) آدمی نامہ
(2) چاند تاروں کا بن
(3) ایک لمحہ
(4) اک مسِ سیمی بدن سے

107 پریم چند کے ناول 'بیوہ' کا انجام کیا ہے؟

(1) بیوہ کی شادی کر دی گئی
(2) بیوہ کو کاشی بھیج دیا گیا
(3) بیوہ کو اس کے ماں باپ کے گھر رکھا گیا
(4) بیوہ کو آشرم میں رکھا گیا

Adda247

108 ان میں سے مرثیہ کا جزء کون سا نہیں ہے؟

(1) چہرہ
(2) رخصت
(3) بین
(4) گریز

109 کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رُستم کا جگر زیرِ کفن کانپ رہا ہے یہ مرثیہ کس کا ہے؟

(1) دبیر
(2) انیس
(3) ضمیر
(4) جوش

Adda247
GET IT ON Google Play

110 ان میں سے کون سا زمرہ درست نہیں ہے؟

(1) انیسؔ - مرثیہ نگاری
(2) اکبرالہ آبادی: نظم نگاری
(3) قرۃ العین حیدر: شاعری
(4) پریم چند: افسانہ نگاری

111 ناول کے لغوی معنی بتلائیے۔

(1) طویل بیانیہ
(2) انقلابی قصہ
(3) عجیب، نرالا - عجوبہ
(4) دل کو متاثر کرنے والا

112 آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں
اس مصرع کا شاعر کون ہے؟

(1) ناصر کاظمی
(2) جاں نثار اختر
(3) میر تقی میرؔ
(4) معین احسن جذبی

113 ان میں سے افسانہ نگار کون ہے؟

(1) سرسید احمد خاں
(2) ولی دکنی
(3) ڈپٹی نذیر احمد
(4) راجیندر سنگھ بیدی

114 ''سبا ویراں'' کس شاعر کی نظم ہے؟

(1) ناصر کاظمی
(2) جاں نثار اختر
(3) ن-م-راشد
(4) اکبرالہٰ آبادی

115 میر تقی میر کا سنۂ ولادت کون سا ہے؟

(1) ۱۷۲۳ء
(2) ۱۷۸۰ء
(3) ۱۷۳۵ء
(4) ۱۷۰۲ء

Adda247 GET IT ON Google Play

116 تجاہلِ عارفانہ کے کیا معنی ہیں؟

(1) ہوش میں آنا
(2) بے خودی
(3) جان کر انجان بنا
(4) جہالت

117 بچوں کی زیادہ تر نظمیں کس نے لکھیں؟

(1) اکبر الٰہ آبادی
(2) ن۔م۔ راشد
(3) نظیر اکبرآبادی
(4) اسماعیل میرٹھی

118 قصیدہ کے لفظی معنی کیا ہیں؟

(1) گاڑھا مغز
(2) مبالغہ آرائی
(3) اعلیٰ ترین صنف
(4) ان میں سے کوئی نہیں

119 مثنوی میں ان میں سے کیا نہیں ہوتا؟

(1) ایک شعر کے دونوں مصرع ہم قافیہ ہوتے ہیں
(2) ہر شعر میں ایک ہی ردیف و قافیہ ہوتا ہے
(3) معنوی اعتبار سے مسلسل اشعار ہوتے ہیں
(4) مثنوی میں اشعار کی تعداد مقرر نہیں

120 جدید نظم کی بنیاد گزار ہیں؟

(1) اقبال
(2) سرسید
(3) آزاد اور حالی
(4) اکبر الٰہ آبادی، شبلی

Adda247

GET IT ON Google Play

121 تعلیمی نفسیات بتاتی ہے۔
(1) تعلیم کے بہتر اور پُر اثر طریقے کیا ہونگے؟
(2) کردار کی بہتر تعمیر کیسے ممکن ہے؟
(3) (1) اور (2) دونوں درست
(4) (1) اور (2) دونوں غلط

122 تعلیمی نفسیات کا علم ہونے سے اساتذہ کو
(1) طلبہ کے انفرادی اختلافات کا اندازہ کر تدریس و رہنمائی میں مدد ملتی ہے۔
(2) درجہ کے مسائل کو درکنار کر تدریس و رہنمائی کرنے میں مدد ملتی ہے۔
(3) نصاب کو تشکیل دینے میں کوئی مدد نہیں ملتی ہے۔
(4) جانچ کے طریقوں پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے۔

Adda247

123 بالیدگی کے باہمی تعلق کے اصول کے تحت
(1) پورے ہاتھ پیر کی انگلیوں کو ایک ساتھ چلانا سیکھتا ہے۔
(2) جسمانی، دماغی اور جذباتی پہلوؤں کی آلودگی میں آپسی تعلق ہوتا ہے۔
(3) مختلف اشخاص کی نشو ونما کی رفتار مختلف بنی رہتی ہے۔
(4) بالیدگی کی رفتار کبھی تیز اور کبھی سست رہتی ہے۔

124 طلبہ کی ذہنی صحت برقرار رہے اس کے لئے ضروری ہے
(1) مدرس جبر و تشدد، سزا اور تلخی سے کام لے
(2) مدرس طلبہ کے کام کو سراہے شفقت اور مسرت سے پیش آئے
(3) مدرس طلبہ کو گھر اور اسکول دونوں جگہ زیادہ سے زیادہ سوتا رہنے کو کہے۔
(4) مدرس بچوں میں خصوصی دلچسپی لینے کی بجائے بے اعتنائی برتے۔

Adda247
GET IT ON Google Play

125 طلبہ کی ذہنی صحت کو خطرہ ہوسکتا ہے

(1) ایک ہی قسم کے چند مخصوص مضامین پڑھنے پر مجبور کرنے سے

(2) طلبہ کے فطری رجحان والے مضامین کو پڑھنے دینے پر

(3) فطری رجحانوں کے منافی مضامین پڑھنے پر مجبور کرنے پر

(4) اِن میں سے کوئی نہیں

126 ذہنی صحت کے علاج کے لئے کن بچوں کو گائیڈنس کلنک میں بھیجنا لازمی نہیں ہوتا ہے؟

(1) تشدد پسند بچے

(2) عصبی المزاج بچے

(3) فطین بچے

(4) پھسڈی اور بھگوڑے بچے

Adda247

127 ضعیف العقل بچوں کا مقیاس ذہانت ہوتا ہے۔

(1) صفر سے 19 تک

(2) 20 سے 49 تک

(3) 50 سے 69 تک

(4) 80 سے 89 تک

128 نو بلوغت عمر کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے۔

(1) ایک یا دو بچوں میں زیادہ دلچسپی یا اُن سے دوستی کرنا

(2) مختلف صورتوں میں مختلف برتاؤ کرنا

(3) دماغی آزادی کا خواہشمند ہونا

(4) خوراک اور دوسری جسمانی ضروریات کے لئے دوسروں پر منحصر ہونا

Adda247
GET IT ON Google Play

129 اسپیرمین Spearman کے مطابق ذہانت کی ترقی سب سے زیادہ کس عمر کے درمیان ہوتی ہے؟

(1) 14 سے 16 سال کے درمیان

(2) پندرہویں سال میں

(3) 10 سے 15 سال کے درمیان

(4) 12 سے 14 سال کے درمیان

130 نوبالغان میں لیڈرشِپ، جوش وخروش، ہمدردی وغیرہ جیسی خوبیاں پیدا ہونا کس بالیدگی کو بتاتا ہے؟

(1) جذباتی بالیدگی (2) دماغی بالیدگی

(3) سماجی بالیدگی (4) جسمانی بالیدگی

Adda247

131 نوبلوغت میں جذباتی بالیدگی کی نشاندہی کرتا ہے۔

(1) آئندہ پیشہ کو طے کرنے کے لئے ہمیشہ فکرمند رہنا

(2) بغیر دلیل کے کسی بات کو قبول کرنے کو تیار نہ ہونا

(3) محبت، ہمدردی، غصہ وغیرہ کا مستقل شکل اختیار کرنا

(4) عقل داڑھ کا نکلنا

132 کسی چیز کو دیکھ کر، چھو کر، استعمال کرکے اور اس کے بارے میں گفتگو کرکے سیکھنے کا طریقہ ہے

(1) کرکے سیکھنا (2) مشاہدہ کرکے سیکھنا

(3) بحث کرکے سیکھنا (4) ورک شاپ سے سیکھنا

Adda247
GET IT ON Google Play

133 سیکھنے کے ذیل قوانین میں سے کون سا قانون ثانوی حیثیت رکھتا ہے؟

(1) آمادگی کا قانون
(2) مشق کا قانون
(3) اطمینان کا قانون
(4) متعلق تبدیلی کا قانون

134 ایڈوانس آرگنائزر ماڈل کے بانی ہیں

(1) جین پیازے
(2) جے برونر
(3) جان ڈیوی
(4) ڈیویل آسوبیل

135 تدریسی ماڈل کے کس جزو کے تحت تدریسی افعال اور تراکیب کا بندوبست اور ترتیب طے کی جاتی ہے؟

(1) مرکزی مقصد
(2) ساخت
(3) سماجی نظام
(4) تائیدی نظام

136 انفارمیشن پروسیسنگ ماڈل میں

(1) اطلاعات اور امرِ واقع کی تفہیم کرائی جاتی ہے
(2) احساسات اور زبان کے اصولوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے
(3) طلبہ کی قوت بصیرت کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے
(4) سماجی صلاحیتوں کے فروغ پر زیادہ زور دیا جاتا ہے

Adda247

Adda247
GET IT ON Google Play

137 آموزش بذریعہ امدادِ باہمی میں
(1) آموزش کے لئے خارجی محرک زیادہ کارفرما ہوتا ہے
(2) دوسروں کے ساتھ کام کرنے کا منفی رویہ پیدا ہوتا ہے
(3) آموزش کے لئے داخلی محرک زیادہ کارفرما ہوتا ہے
(4) نہ تو داخلی اور نہ ہی خارجی محرک کارفرما ہوتے ہیں

138 آموزش بذریعہ امدادِ باہمی طریقہ استعمال کرنے پر گروپ کی تشکیل میں اساتذہ کو دھیان رکھنا چاہئے۔
(1) سبھی ٹولیوں میں مختلف تعلیمی استعداد کے طلبہ ہوں
(2) سبھی گہرے دوست ایک ٹولی میں ہوں
(3) معاشی اعتبار سے طلبہ میں امتیاز کر کے ٹولی بنائی جائے
(4) طلبہ کے لسانی استعداد کے معیار کو نظر انداز کیا جائے۔

139 امدادی وسائل کے تحت جس ماڈل کے ذریعہ حرکت کو دکھایا جاتا ہے وہ کہلاتے ہیں۔
(1) ڈمی ماڈل
(2) حرکی ماڈل
(3) غیر متحرک ماڈل
(4) معلق ماڈل

140 ٹرانسپیرنسی کا کس آلۂ کار کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے؟
(1) سلائڈ پروجیکٹر
(2) اوورہیڈ پروجیکٹر
(3) مقناطیسی بورڈ
(4) کمپیوٹر

Adda247
GET IT ON Google Play

141 غیر اطلاقی تکنالوجی وسائل ہوتے ہیں۔

(1) جن کو پردے یا اسکرین پر دکھایا جا سکے

(2) جن کو پردے یا اسکرین پر نہ دکھایا جا سکے

(3) پردے اور بغیر پردے یا اسکرین دونوں کے ساتھ دکھایا جا سکے

(4) جن کو دکھانے میں پردے یا اسکرین کے بجائے ٹی۔وی۔ یا پلازما کی ضرورت ہو۔

142 تدریس میں تکنالوجی کی مدد سے طلبہ

(1) خودآموزی میں رکاوٹ آتی ہے

(2) تحقیقی کام نہیں کر سکتے ہیں

(3) اساتذہ کی غیر حاضری کے وقت سیکھنا ممکن ہوتا ہے

(4) تدریسی کام میں کوئی استفادہ نہیں کر سکتے ہیں۔

Adda247

143 تدریس میں آئی۔سی۔ٹی۔ کے استعمال سے اساتذہ

(1) کم وقت میں زیادہ درس و تدریس کرا سکتے ہیں

(2) معلومات کے جدید وسائل فراہم کر سکتے ہیں

(3) مؤثر اور اچھے سبق کی تخلیق میں مدد لے سکتے ہیں

(4) اوپر کے تینوں درست

144 تکنیکی وسائل کے ہارڈ ویئر میں شامل نہیں ہے

(1) ٹیلی ویژن (2) کمپیوٹر

(3) اوورہیڈ پروجیکٹر (4) تعلیمی اور علمی طریقۂ کار

Adda247
GET IT ON Google Play

145 تدریس با امدادِ کمپیوٹر کے ذریعہ تعلیمی مواد کو پیش کرنے کا انداز ہوسکتا ہے۔

(1) تکثیر یا ڈرل اور مشق

(2) مکالمہ/گفتگو

(3) (1) اور (2) دونوں درست

(4) کوئی درست نہیں

146 کمپیوٹر کی مدد سے تدریس کی تیاری میں تجزیاتی مرحلہ کا حصّہ ہے۔

(1) تدریسی اکائی کا انتخاب

(2) ماڈیول والی اکائی کی ساخت کی تشکیل

(3) متن اور سوالات کی اسکرین پر پیش کش

(4) ماہرین کے ذریعہ جانچ

Adda247

147 بچوں کی ذہنی صحت کی پرورش میں استعمال کی جانے والی گائیڈنس کلینک کے کام کے پہلو ہیں۔

(1) تشخیصی پہلو

(2) معالجاتی پہلو

(3) تشخیصی اور معالجاتی دونوں پہلو

(4) ان میں سے کوئی درست نہیں

Adda247
GET IT ON Google Play

148 سیکھنے کی خصوصیات میں شامل ہے۔

(1) سیکھنے کا عمل صرف اسکول عمری تک ہی ہوتا ہے

(2) انسان پیدائش سے آخری عمر تک سیکھتا ہے

(3) سیکھنے سے بچے کے برتاؤ میں کوئی تبدیلی نہیں آتی ہے

(4) سیکھنے میں نئے اور پرانے تجربات کا کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے

149 ذہنی اعتبار سے صحت مند بچوں کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے۔

(1) برداشت کی قوت ہونا

(2) خوداعتمادی کی اہلیت

(3) ہم آہنگی کی اہلیت

(4) خود فیصلہ نہیں لینے کی لیاقت

Adda247

150 عجائب گھر کو ہم کس طرح کے تدریسی و اکتسابی مواد کی قسم میں رکھیں گے۔

(1) سامعی مواد (2) بصری مواد

(3) سامعی اور بصری مواد (4) اِن میں سے کوئی نہیں

Adda247
GET IT ON Google Play

SEAL
सील

کچے کام کے لیے جگہ

Adda247

SEAL
सील



SEAL
सील